
TAMIR E-SIASAT
SINCE : 2001 INFUSING POSITIVE VALUES
www.tameerurdudaily.com
दैनिक तामीर, बीड

# بابری مسجد تعمیر سے شہادت تک



مسجد کی شہادت سے قبل نرسمہا راؤ سارے ملک کو دھوکہ دیتے رہے کہ مسئلہ حل کرلیا جائے گا، سپریم کورٹ میں مسجد کی برقراری اور نقصان نہ پہنچانے کا حلف نامہ نرسمہا راؤ نے اپنے دوست کلیان سنگھ سے داخل کروایا اور جس وقت مسجد شہید کی جارہی تھی نرسمہا راؤ سوتے رہے کارسیوکوں کو من مانی کرنے کی کھلی چھوٹ حاصل تھی پولیس اور نیم فوجی دستوں کو مداخلت سے روک دیا گیا اور مسجد شہید کردی گئی۔ اسکی جگہ عارضی مندر کی تعمیر تک نرسمہا راؤ کی مجرمانہ بے عملی برقرار رہی اس لئے بابری مسجد کی شہادت کا کلیدی مجرم نرسمہا راؤ کو کہا جاتا ہے۔

**رشید انصاری:**


6 دسمبر ہر سال آتا ہے اور ہمیں بابری مسجد کی شہادت کے المناک واقعہ کے ساتھ ہندوستان میں بڑھتی ہوئی فرقہ پرستی اور فاشزم اور حکومت کی مشنری میں محدود پیمانے پر سہی لیکن ہر سطح (وزراء سے لے کر ایک پولیس کانسٹبل تک) پر پائے جانے والے تعصب اور مسلم دشمنی سے صرف مسلمانوں کو ہی نہیں بلکہ پوری قوم اور ملک کو لاحق خطرات سے آگاہ کرتا ہے گو کہ بابری مسجد کی شہادت کے کلیدی مجرم نرسمہا راؤ جیسا فرقہ پرست، مسلم دشمن اور نااہل شخص نہ وزیر اعظم بنا ہے اور نہ ہی بن سکے گا۔ سیکولرازم کا دم بھرنے والی تمام جماعتوں کانگریس اور سنگھ پریوار دونوں ہی بابری مسجد کی شہادت کے جرم میں برابر کی شریک ہیں۔ یہ گڑے مردے اکھاڑنا، یا زخموں کو ہرا کرنا نہیں ہے بلکہ ماضی سے سبق لینے کیلئے بابری مسجد کے ماضی کا ذکر انگریزوں، کانگریس اور سنگھ پریوار کے حوالے سے اختصار کے ساتھ پیش ہے۔

شہنشاہ بابر کے ایک سپہ سالار میر باقی نے 1528ء میں ایودھیا (ضلع فیض آباد) میں بابری مسجد تعمیر کروائی تھی۔ 1528ء سے لے کر 1850ء کے بعد تک بھی یہ بات کسی نے نہیں کہی تھی کہ بابری مسجد کسی مندر (خاص طور پر رام چندر جی کے مقام پیدائش) رام جنم بھومی کی جگہ بنے مندر کو توڑ کر بنائی گئی تھی ویسے رام چندر جی کا مقام پیدائش ایودھیا ہونا نیز ...

مؤرخوں کی پیروی میں لکھا کہ یہ بات افسوسناک ہے کہ ایک مسجد ایسی زمین پر بنائی گئی جو ہندوؤں کے نزدیک خاص تقدس رکھتی ہے لیکن کیوں کہ واقعہ 356 سال قبل پیش آیا تھا لہٰذا اب اس کا تدارک ممکن نہیں ہے۔ جملہ فریقین موجودہ حالت کو برقرار رکھیں (بابری مسجد اے ٹیل ان ٹولڈ A tale untold صفحہ 50 محمد جمیل اختر) یہ تو تھیں انگریزوں کی ریشہ دوانیاں اور جوبات قضیہ نہ تھی ...

**غوث سیوانی، نئی دہلی**

بابری مسجد کے مقام پر عالیشان رام مندر کی تعمیر، سنگھ پریوار کے ایجنڈے کا حصہ ہے۔ اسی ایشو کو بنیاد بنا کر پورے ملک میں فرقہ وارانہ منافرت پھیلائی گئی اور صدیوں سے میل جول کے ساتھ رہنے والی قوموں کو ایک دوسرے کے خلاف برسرِ پیکار کیا گیا۔ اسی ایشو نے بی جے پی کو ملک کے اقتدار تک پہنچایا مگر اقتدار میں آنے کے بعد بھی وہ بابری مسجد کے مقام پر رام مندر بنانے میں خود کو بے بس محسوس کر رہی ہے۔ اس بارے میں سنگھ کی جماعتوں کی طرف سے وقت وقت پر بیانات آتے رہتے ہیں مگر ایسا نہیں لگتا کہ یہ تنظیمیں اس معاملے میں مخلص ہیں۔ حال ہی میں رام مندر تحریک کے متحرک وفعال رہنما اور وشو ہندو پریشد (وی ایچ پی) کے سینئر لیڈر رہے اشوک سنگھل کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے منعقد ...



# ایک بار پھر رام مندر کا راگ

## 6 دسمبر بابری مسجد کے یوم شہادت پر خاص

**اشوک سنگھل بابری مسجد کے مقام پر رام مندر نہ بنواسکے مگر دلی میں بی جے پی کی حکومت بنوانے میں کامیاب ہوگئے۔ اسی ایجنڈے کے سبب بی جے پی کو طاقت حاصل ہوئی۔ آج وہ مرکز میں بھاری اکثریت کے ساتھ حکمراں ہے اور اس کے 'ہندو ہردے سمراٹ' کی تصویر رکھنے والے نریندر مودی وزیر اعظم ہیں مگر اب وہ اپنے اس پرانے وعدے سے پہلوتہی کر رہی ہے کیونکہ رام مندر اس کیلئے بھگوان رام سے عقیدت کے سبب ایشو نہیں بنا تھا، بلکہ ووٹ پانے کا حربہ تھا اور ووٹ حاصل کرنے کے بعد وہ اسے بھول گئی۔**

# رہ گئی رسم اذاں روح بلالی رضی اللہ عنہ نہ رہی

**ڈاکٹر فاضل حسین پرویز، حیدرآباد۔**
**موبائل: 9395381226**

**تلنگانہ کے ایک گائوں میں اکثریتی طبقہ کی روٹی روزی بینڈ باجے پر ہی تھی۔ جب فرقہ پرستی کی وبا پھیلنے لگی تو بینڈ باجے والے بھی اس سے متاثر ہوئے اور ایک مرتبہ انہوں نے مسجد کے سامنے کافی دیر تک بینڈ بجایا۔ گائوں کے مسلمانوں نے صبر و تحمل سے کام لیا۔ خاموشی اختیار کی۔ تاہم اس کے بعد اپنی شادی بیاہ کی تقاریب میں بینڈ باجہ ترک کردیا۔ ظاہر ہے کہ روٹی روزی کا سوال تھا۔ اکثریتی طبقہ کے لوگوں نے معافی مانگی حتیٰ کہ مسلمانوں کے پیر تک پکڑ لئے۔**

ابھی چند دن پہلے کی بات ہے!

ایک ادارہ کی افتتاحی تقریب میں شرکت کا موقع ملا۔ شہ نشین پر چند نامور مسلم سیاسی قائدین، ماہرین تعلیم اور سماجی کارکنان تشریف فرما تھے۔ تقاریر کا سلسلہ شروع ہوا، ایک غیر مسلم سرکاری عہدیدار نے تقریر شروع کی ہی تھی کہ قریب کی مسجد میں اذان کی آواز بلند ہوئی۔ کسی نے توجہ نہیں دی، ایک لحیم شحیم نوجوان اٹھ کھڑا ہوا اور شہ نشین کے قریب آکر تقریر روکنے کے لئے کہا۔ غیر مسلم مقرر کو کچھ سمجھ میں نہ آیا۔ اس نے شہ نشین پر موجود حضرات کی طرف دیکھا۔ ایک صاحب نے اشارہ سے سمجھایا کہ اذان ہورہی ہے۔ کچھ دیر تقریر روک دی جائے۔ غیر ...

اور اذان کی آواز کا احترام کرتی ہے۔ ہندو تہواروں کے موقع پر لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ گانے بجانے کی آواز بلند ہوتی ہے۔ بیشتر مقامات پر اذان کے ساتھ یا تو آواز کم ...

مؤذن یہ اعلان کرتا ہے۔ اور ہمیں یاد دلاتا ہے۔ **اللہ اکبر اللہ اکبر** (اللہ سب سے بڑا ہے)، **اشھد ان لا الہ الا اللہ** (میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود ...

